ٹیچرز گائیڈ

تحریر : فوزیہ رضوان

دوسری جماعت کے لئے



ٹیچر کے لئے بنیادی نوٹ

کہانی لکیر کے ذریعے بچوں کو لکیر سے بننے والی مختلف shapes اور ان کے مشاہدے پر کام کر وایا گیا ہے۔
اس کتاب کو اس طرح پڑھائیں کہ بچوں کی قوت مشاہدہ میں اضافہ ہو اور وہ کتاب میں دی گئی چند مثالوں مثلاً لہر' لوڈو' سیڑھی وغیرہ کے علاوہ بھی بہت سی مختلف چیزوں کو اپنے مشاہدے میں لائیں اور ان کے حوالے سے بات بھی کریں۔ اس گائیڈ میں دی گئی ہدایات صرف مشورہ ہیں۔ ٹیچر اس میں ردو بدل کر سکتی ہیں۔

کتاب کے مشکل الفاظ کے فلیش کارڈز پہلے بنا لیں اور روزانہ ان الفاظ کی پڑھائی کر وائیں۔

نئے الفاظ

نقطہ' نقطے' قدم' اٹھایا' لکیر' لہر' اوپر' نیچے' پہاڑی' لڑھکتی' دائرہ' چوکور' تکون' سیڑھی' چڑھی' کھیلنے۔

پہلا سیشن

اپنے ساتھ کلاس میں اشکال (shapes) کا آدمی بنا کر لے جائیں اور بچوں کے سامنے دیوار پر لگا دیں۔ ساتھ ہی مختلف shapes کی چیزیں جیسے گیند' انڈا' ڈبا وغیرہ لے جائیں۔ تصویریں بھی لے جا سکتی ہیں۔ پہلے فلیش کارڈز سے الفاظ کی پڑھائی کر وائیں۔ اس کے بعد کتاب کھلوائیں۔ پڑھنا شروع کریں۔ بچوں سے پوچھیں۔

سوال لائن کیا ہے؟

جواب دو نقطے یا زیادہ نقطے مل کر لائن بنتی ہے۔ (........................)

اب بچوں کو بورڈ پر مختلف لائنیں بنا کر دکھائیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کیا بنا؟ مثلاً

لہر گھاس پہاڑ

اب سبق آگے پڑھئے۔ آپ کے سامنے shapes لگی ہوئی ہیں۔ بچوں کو دکھایئے اور جیسے جیسے آپ چوکور، دائرہ اور تکون پڑھیں سامنے لگے ہوئے آدمی میں بچوں سے پوچھئے کہ کہاں کون سی shape ہے۔ ہم ان shapes سے اور کیا بنا سکتے ہیں؟ مثلاً بال، چشمہ، گھر، وغیرہ

بچے جو چیزیں بتائیں آپ بورڈ پر تصویر بنائیں۔ آپ اگر تصویریں لائی ہیں تو بچوں کو دکھائیں۔

گھر کا کام :

بچوں سے مختلف shapes کی چیزیں منگوائیں۔ کسی بچے سے تقریباً ایک ایک فٹ کی تین ڈنڈیاں بھی منگوا لیں۔

دوسرا سیشن

بچوں کی لائی ہوئی چیزیں ایک کارنر میں رکھ دیں۔

کلاس میں ایک میز پر تینوں اشکال ڈنڈی پر چپکا کر لگائیں۔

بچوں سے کہیں کہ اپنی لائی ہوئی چیزیں درست shapes کے سامنے رکھیں۔

بعد میں جماعت کے کام کے لئے بچوں کو بورڈ پر تینوں اشکال بنا کر دیں اور بچے ان اشکال سے مختلف چیزیں بنائیں۔ جیسے

تیسرا سیشن



چھ الفاظ کی خوشخطی کر وائیں۔

نقطہ، دائرہ، چوکور، تکون، لکیر، لہر، پہاڑی

اس کے ساتھ ہی بچے مختلف shapes کی لکیریں بنائیں۔

گھر کا کام :

بچوں سے بقایا الفاظ کی خوشخطی کر وائیں

قدم، نیچے، لڑھکتی، سیڑھی، کھیل۔

چوتھا سیشن

مختلف shapes کی چیزوں کا جو کارنر لگایا ہے آج اس کارنر کی چیزیں اٹھالیں اور بچوں کو باری باری بلا کر چیزیں درست shapes کے سامنے رکھوائیں۔

کتاب میں سے چار ایسی لکیریں بچے کاپی میں بنائیں جن سے کوئی شکل بنی ہو اور ان کے نام لکھیں۔ جیسے

پہاڑی سیڑھی

گھر کا کام:

حروف ملائیے۔

ق د م .... ل ک ی ر .... ل ہ ر .... پ ہ ا ڑ ی .... ن ی چ ے ....

ن ق ط ہ ....

پانچواں سیشن

گھر کے کام میں دئے گئے پانچوں الفاظ کا املا لیجئے۔ املے کی کاپیاں واپس لینے کے بعد بورڈ پر ایک لفظ ''تارا'' لکھیں۔ بچوں سے کہیں اس لفظ سے آپ کے ذہن میں کیا کیا چیزیں آتی ہیں۔ (مثلاً چاند' آسمان' رات' الو وغیرہ) بچے نام بولتے جائیں۔ ٹیچر بورڈ پر لکھیں۔ بعد میں بچے کاپی میں اتاریں۔

گھر کا کام:

بچوں سے ایسے میگزین اور بچوں کے اخبار منگوائیں جن میں تصویریں ہوں۔

چھٹا سیشن

آج ٹیچر اپنے ساتھ تین shapes کی booklets تیار کر کے لے جائیں
ہر booklet میں کم سے کم چار صفحے ہوں۔ کلاس میں تین گروپس بنائیں۔ اس طرح تین مختلف shapes کی کتابیں تینوں گروپس کو الگ الگ دے دیں۔

اب بچے جو میگزین اور اخبار لائے ہیں اس میں سے اپنے کتابچے کے مطابق تصویریں ڈھونڈ کر کاٹیں اور اس میں چپکائیں۔ اوپر لکھیں۔ ''میری دائرے والی کتاب'' یا ''میری تکون کتاب'' یا ''میری چوکور کتاب''

تصویریں چپکانے کے بعد اس کے نیچے ایک جملہ بھی لکھ سکتے ہیں۔ یہ کتابیں کلاس میں رکھی جائیں۔

لکیر

ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ' کراچی
مطبع ٹیچرز گائیڈ : کفایت اکیڈمی

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan.
uan: (9221) 111-825-336
phone: (9221) 3439-8186
email: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

@bookgrouppk @urdubooksforchildren @bookgroupstories